PAPER CODE - 8022

بارہویں کلاس 12018 DGK-G2-12-18

اردو لازمی ، گروپ دوسرا — حصہ معروضی — وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C اور D دیئے گئے ہیں ۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا

سوال نمبر1

(الف) دیے گئے سوالات میں سے درست جواب منتخب کیجیے۔ ۵

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | علامہ ابن جوزی نے کون سی کتاب لکھی تھی؟ | (A) الفاروق | (B) المامون | (C) الغزالی | (D) سیرت العمرین |

ParhloPakistan.com

(بارہویں کلاس 12018)

اردو لازمی ' گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

حصہ انشائیہ

DGK-G2-12-18

۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

راتوں کو ہے سحر کی تجلی کا انتظار ہے ہر صدا فراق خموشی میں بے قرار
سوئے خزاں ، بہار گلستاں روانہ ہے ہر برگ کا سکوت سراپا فسانہ ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

وہی جہاں ہے ترا جس کو تو کرے پیدا یہ سنگ و خشت نہیں جو تری نگاہ میں ہے
مہ و ستارہ سے آگے مقام ہے جس کا وہ مشت خاک ابھی آوارگان راہ میں ہے
خبر ملی ہے خدایان بحر و بر سے مجھے فرنگ رہ گزر سیل بے پناہ میں ہے

۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) نواب صاحب کو ان کی طرف مطلق التفات نہ تھا، شاید اولاد نہ ہونے کے سبب محبت نہ کرتے ہوں، ورنہ بیگم صورت میں چندے آفتاب، چندے ماہتاب اور حسن و دولت پر مزاج ایسا سادہ کہ ہم جیسے ناچیزوں کو برابر بٹھانا اور پوچھنا۔

(ب) آگے چل کر معلوم ہوا کہ انھیں صرف دوڑنے اور ڈنڑ پیلنے کا ہی شوق نہیں، مگدر بھی ہلاتے ہیں، نیزہ بازی اور شہسواری میں بھی برق ہیں، پیراکی اور کشتی گیری میں بھی بند نہیں، نشانہ بھی اچھا لگاتے ہیں۔ حیدرآبادی ملازمت کے زمانے میں کچھ دن فوج میں بھی رہے۔

۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) دستک (ii) مولانا ظفر علی خان

۵۔ نظم "ایک کوہستانی سفر کے دوران میں" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) ہادی عالم ﷺ
(ب) نوجوان نسل اور جدید ٹیکنالوجی
(ج) ماحولیاتی آلودگی

۷۔ اپنی بڑی ہمشیرہ کو خط لکھ کر ان کے بھیجے ہوئے تحفے پر شکریہ ادا کیجیے۔ ۱۰

D.G.K



ParhloPakistan.com